Mayor's Office of Immigrant Affairs

نیو یارک کے تارکینِ وطن باسیوں کے لیے وسائل

آپ کی امیگریشن کی صورتحال کچھ بھی ہو، نیو یارک سٹی مدد کے لیے یہاں موجود ہے۔

امیگریشن سے متعلق قانونی مدد

مفت اور محفوظ امیگریشن قانونی مدد کے لیے، پیر سے جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک **800-354-0365** پر کال کریں۔

نیو یارک سٹی شناختی کارڈ

IDNYC کے لیے درخواست دیں، جو 10 سال اور اس سے زائد عمر کے تمام نیو یارک سٹی کے باسیوں کے لیے مفت میونسپل شناختی کارڈ ہے۔ آن لائن تجدید کریں یا اندراج کے لیے وقت لیں، **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/idnyc** ملاحظہ کریں۔

انگریزی کی کلاسیں

کسی بھی وقت، کہیں بھی انگریزی کی **مفت** کلاسیں لیں۔ مزید معلومات کے لیے **wespeaknyc.cityofnewyork.us** ملاحظہ کریں۔

صحت کی دیکھ بھال

NYC Health + Hospitals (H+H) ہنگامی نگہداشت، بنیادی صحت کی دیکھ بھال، چیک اپس، حفاظتی ٹیکے اور مزید بہت کچھ فراہم کر سکتا ہے۔ ا پنے قریبی مرکز جانے کی رہنمائی حاصل کرنے کے لیے **1-844-NYC-4NYC (1-844-692-4692)** پر کال کریں۔ ہیلتھ انشورنس پلانز بشمول **NYC Care** پروگرام میں اندراج کے لیے، **646-NYC-CARE (646-692-2273)** پر کال کریں یا **nyccare.nyc** ملاحظہ کریں۔

ذہنی صحت

ذہنی صحت کی دیکھ بھال اور نشہ آور اشیاء کے استعمال سے متعلق وسائل تک رسائی اور خفیہ مدد کے لیے، **888-692-9355** یا **988** پر کال کریں، یا **65173** پر **WELL** ٹیکسٹ کریں۔ نیو یارک کے باسی نیو یارک سٹی میں ذہنی صحت کی خدمات سے متعلق کثیر لسانی وسائل کے لیے **nyc.gov/mentalhealthaccess** ملاحظہ کر سکتے ہیں، یا ذہنی صحت کی خدمات تلاش کرنے کے لیے نیو یارک سٹی کی 988 آن لائن ڈائریکٹری **nyc.gov/mentalhealthservices** استعمال کر سکتے ہیں۔

ہنگامی حالات

ہنگامی صورتحال میں، **911** پر کال کریں۔ ہنگامی صورتحال سے مراد کوئی بھی ایسی صورتحال ہے جس میں پولیس، فائر ڈیپارٹمنٹ، یا ایمبولینس سے فوری مدد کی ضرورت ہو۔ **قانون** کے مطابق، نیو یارک سٹی پولیس ڈپارٹمنٹ **(New York City Police Department)** جرائم کے متاثرین، گواہوں، یا مدد مانگنے والے دیگر افراد سے ان کی امیگریشن کی صورتحال کے بارے میں نہیں پوچھ سکتا۔

سرکاری تعلیم

نیو یارک سٹی میں **4** سے **21** سال کی عمر کے تمام بچے سرکاری اسکول میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ اندراج کے لیے، **schools.nyc.gov/fwc** یا **311** پر کال کریں۔

شہر کے عمومی وسائل اور معلومات

شہر کے وسائل تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں یا کسی مسئلے کی اطلاع دینا چاہتے ہیں؟ **311** پر کال کریں یا **portal.311.nyc.gov** ملاحظہ کریں۔

نیو یارک سٹی کی تارکین وطن کے امور کی ہاٹ لائن

ہماری ہاٹ لائن **212-788-7654** پر پیر سے جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کال کریں، یا ہمیں **askmoia@cityhall.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

اردو | Urdu

Mayor's Office of Immigrant Affairs

نیویارک کے تارکینِ وطن باسیوں کے لیے وسائل

آپ کی امیگریشن کی صورتحال کچھ بھی ہو، آپ کو حقوق حاصل ہیں۔

امیگریشن فراڈ سے بچیں

اگر آپ کو امیگریشن سے متعلق قانونی مشورے کی ضرورت ہے، تو صرف لائسنس یافتہ وکیل یا محکمہ انصاف (Department of Justice, DOJ) سے منظور شدہ نمائندے سے بات کریں۔ آپ منظور شدہ اور تسلیم شدہ فراہم کنندگان کی فہرست **nyc.gov/immigrationfraud** پر تلاش کر سکتے ہیں۔

امیگریشن انفورسمنٹ سے متعلق حقوق

نیو یارک سٹی امیگریشن انفورسمنٹ کی کارروائیاں نہیں کرتا۔ اگر وفاقی امیگریشن انفورسمنٹ آپ سے رابطہ کرے، تو آپ کو حقوق حاصل ہیں۔ **nyc.gov/knowyourrights** ملاحظہ کریں یا ہماری مفت امیگریشن قانونی ہاٹ لائن **800-354-0365** پر کال کریں۔

کارکنوں کے حقوق

نیویارک سٹی کے قانون کے تحت آپ کو تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی، کم از کم اجرت، اوور ٹائم کی ادائیگی اور مزید بہت کچھ کا حق حاصل ہے۔ وسائل کے لیے **nyc.gov/workers** ملاحظہ کریں یا **212-436-0380** پر کال کریں۔

امتیازی سلوک کی اطلاع دیں

نیو یارک سٹی کے انسانی حقوق کے قانون کے تحت ہراساں کرنا اور امتیازی سلوک غیر قانونی ہے۔ امتیازی سلوک کی اطلاع دینے کے لیے، براہ کرم **212-416-0197** پر کال کریں یا **nyc.gov/reportdiscrimination** ملاحظہ کریں۔

گھریلو تشدد کے خلاف تحفظ

اگر آپ بدسلوکی کا شکار ہیں، تو نیو یارک سٹی آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔ آپ **nyc.gov/nychope** ملاحظہ کر سکتے ہیں یا نیو یارک سٹی کی گھریلو تشدد کی ہاٹ لائن **800-621-HOPE** پر کال کر سکتے ہیں۔

کرایہ داروں کے حقوق

بے دخلی یا اپنے مالک مکان سے متعلق کسی بھی مسئلے میں مدد کی ضرورت ہے؟ مفت قانونی مدد کے لیے **nyc.gov/tenantprotection** ملاحظہ کریں یا **311** پر کال کریں اور **tenant "helpline"** (کرایہ داروں کی ہیلپ لائن) کہیں۔

پناہ گاہ کا حق

اگر آپ بے گھری کا شکار ہیں تو آپ کو پناہ گاہ کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ محکمہ برائے بے گھر افراد کی خدمات Department of Homeless Services,) (DHS کے مقرر کردہ انٹیک سینٹر پر جا کر پناہ گاہ کی خدمات حاصل کریں۔ مزید جاننے کے لیے **311** پر کال کریں۔

صارفین کا تحفظ

کاروبار میں مسئلہ درپیش ہے؟ بطور صارف، آپ کو حقوق حاصل ہیں۔ **nyc.gov/consumers** ملاحظہ کر کے شکایت درج کروائیں یا **311** پر کال کریں۔